# 37055 ـ احرام باندھ کر کچھ مدت بعد شرط لگانی صحیح نہیں

**سوال**

میں احرام باندھتے وقت شرط کی دعا پڑھنا بھول گیا (إن حبسني حابس فمحلي حيث حبستني ) اگرمجھے کسی روکنے والے نے روک دیا تومیرے حلال ہونےکی وہی جگہ ہے جہاں تومجھے روک دے ، لیکن جب مکہ میں داخل ہونے لگے تومجھے یا دعا یاد آئي اورمیں نے اس وقت پڑھ لی توکیا یہ شرط صحیح ہوگي ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہ صحیح نہیں اس لیے کہ شرط تواحرام باندھتے وقت ہوتی ہے نہ کہ اس کے بعد ـ

شیخ بن بازرحمہ اللہ تعالی سے احرام باندھ کرکچھ مدت بعدمیں شرط لگانے کے بارہ میں پوچھا گیا توان کا جواب تھا :

وہ ایسا نہیں کرسکتا ، بلکہ یہ تواحرام باندھتے وقت کہا جاتا ہے ، اوراحرام باندھنے سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنے دل سے جب احرام میں داخل ہونے کی نیت کرے ( اس وقت شرط لگانی چاہیے ) اھ دیکھیں : فتاوی ابن بازرحمہ اللہ تعالی ( 17/ 73 ) ـ

واللہ اعلم .